تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

# پریس ریلیز

06دسمبر،2019ء

## طلباء یونینز مشروط طور پر ہی بحال ہونی چاہئیں

**حافظ عاکف سعید**

لاہور (پ ر) طلباء یونینز مشروط طور پر ہی بحال ہونی چاہئیں۔ یہ بات امیر تنظیم اسلامی **حافظ عاکف سعید** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ طلباء یونینز بحال کرنے سے پہلے اس بات پر باریک بینی سے غور کیا جانا چاہیے کہ اِن پر پابندی کیوں لگی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ طلبہ یونینز نے پاکستان بھر میں کالجوں اور یونیورسٹیوں کو میدانِ جنگ میں بدل دیا تھا۔ سیاسی جماعتوں نے تعلیمی اداروں میں اپنے ونگز قائم کر لیے تھے۔ طلباء اپنی اپنی سیاسی جماعت کے ایجنڈے کو آگے بڑھاتے تھے۔ جس سے تعلیمی اداروں میں ہر وقت لڑائی جھگڑے کی فضا بنی رہتی تھی۔ اساتذہ کی عزت کو پامال کیا جاتا تھا اور وائس چانسلرز کو دھمکیاں ملتی تھیں۔ اُنھوں نے کہا کہ اگر سخت کوڈ آف کنڈکٹ لاگو کیا جائے اور ڈسپلن کی سختی سے پابندی کی جائے تو اس صورت میں طلباء یونینز کی بحالی میں کوئی حرج نہیں۔ اُنھوں نے اِس بات پر حیرت کا اظہار کیا کہ اس تحریک میں اِن طلبہ نے سرخ چادر کیوں اوڑھی تھی اور وہ ایشیا سرخ ہے کا نعرہ کیوں کر بلند کر رہے تھے جبکہ کیمونزم اور سوشلزم اپنی اپنی جنم بھومی میں ہی دفن ہو چکے ہیں۔ اُنھوں نے کہا کہ آئین میں توہین رسالت کی شق 295/C کے خلاف نعرہ بازی سے بھی یہ بات واضح ہوتی ہے کہ یہ مظاہرین دراصل اسلام دشمن نظریات کے پرچارک ہیں۔ علاوہ ازیں منظور پشتین سے تعلق رکھنے والے شر پسندوں کی شمولیت سے طلبہ تحریک کی پاکستان سے وفاداری بھی مشکوک ہوگئی ہے۔ اُن کے بعض نعروں سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ پاکستان میں سوشل انجینئرنگ کے ذریعے معاشرتی تباہی مچانے والی این جی اوز بھی اُن کی پشت پر ہیں۔ اُنھوں نے کہا کہ معلوم ہوتا ہے کہ اسلام دشمن قوتیں پاکستان کو انتشار کا شکار کرنا چاہتی ہیں اور وہ ان نام نہاد طلبہ کو استعمال کر رہی ہیں۔ اُنھوں نے کہا کہ طلباء یونینز بحال کی جائیں لیکن اسلام اور پاکستان دشمن عناصر کو اُن میں گھسنے کا موقع ہرگز فراہم نہ کیا جائے۔ اُنھوں نے کہا کہ کسی کو یہ فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ پاکستان ایک نظریاتی ریاست ہے لہٰذا اِس کے استحکام کے لیے اِس کی نظریاتی بنیادوں کو مضبوط کرنا از ضروری ہے۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE:** 06 Dec 2019

## "Students' Unions should be restored and allowed to become active, only with certain preconditions."

**(Hafiz Aakif Saeed)**

**Lahore (PR): "Students' Unions should be restored and allowed to become active, only with certain preconditions."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement. The Ameer noted that before allowing students' unions to become active again, the reasons for banning them in the past must be thoroughly reflected upon. The fact of the matter is that students' unions had converted the colleges and universities throughout Pakistan into theaters of war in the past. Political parties had created their students' wings in educational institutions and the students had become involved in furthering the agenda of their respective political parties, due to which the environment of hostility and belligerence had become prevalent in the educational institutions of Pakistan, the Ameer added. The dignity of teachers was regularly trampled and Vice Chancellors of educational institutions used to receive constant threats from students' unions. The Ameer said that if a strict code of conduct is implemented and discipline is rigorously observed then there would be no harm in restoring the students' unions.

The Ameer expressed astonishment that during the recent students' movement in Pakistan why did the students cover themselves in red outfits and why were the slogans of "Asia is Red" chanted, when communism and socialism (leftist ideologies) had become defunct and buried even in those countries which were once considered the cradles of these ideologies. He said that slogans raised against the blasphemy laws (Section 295-C of the Pakistan Penal Code)during the protest movement had proved that the participants of this movement were, in fact, proponents of anti-Islam ideologies and notions. Moreover, the participation of rogue elements linked to ManzoorPashteen in the movement had made the entire episode of the students' movement suspicious and put their loyalty to the state in question. Some of the slogans that resonated in the movement also showed that the students' movement had the full support of such NGOs that were trying to destroy the social system of our country through social engineering. The Ameer remarked that it appeared that the enemies of Islam wanted to create chaos and instability in Pakistan and were using these so-called 'students' to achieve their sinister objectives. The Ameer stated categorically that while there is no doubt that students' unions should be restored, however, it ought to be ensured that anti-Islam and anti-Pakistan elements do not get the opportunity under any circumstance to sneak into them. The Ameer concluded by asserting that we must never forget that Pakistan is an Islamic Ideological State, therefore it is imperative to strengthen the ideological foundations of our country in order to provide it resolute and lasting stability.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**MarkaziNazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**